राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:17/11/2025

# ویجیلینس بیداری ہفتہ کی مناسبت سے قومی اردو کونسل میں لیکچر

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کے صدر دفتر میں ویجیلنس بیداری ہفتہ کے تحت 'ویجیلنس: ہماری مشترکہ ذمہ داری' کے موضوع پر ایک تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں گورنمنٹ آف انڈیا کے سابق ڈائرکٹر جناب رویندر کمار نے خطبہ پیش کیا۔ ادارہ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر محمد شمس اقبال نے استقبالیہ کلمات پیش کرتے ہوئے ویجیلنس کے اہم نکات کی جانب اشارہ کیا اور دفاتر میں اس نوعیت کے خطبے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ آج کے فاضل مقرر نے موضوع پر تفصیلی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کا یہ معمول ہوگیا ہے کہ اپنے فائدے کے پیش نظر دنیا کو پہنچنے والے نقصانات کا خیال نہیں کرتے۔ جس سے بھاری نقصان ہوتا ہے۔ حالیہ دنوں میں ایک کمی یہ بھی دیکھی گئی ہے کہ ہم دھیرے دھیرے اپنی ذات تک ہی محدود ہوکر رہ گئے ہیں۔ لہٰذا جب تک ہم اپنی ذات سے باہر نکل کر نہیں سوچیں گے، حقائق کا علم نہیں ہوگا۔ انھوں نے مزید اظہار خیال کرتے ہوئے ایتھکس پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور اسے جانچنے کے طریقے بتائے۔ نیز اس کا شعور وادراک کتنا ضروری ہے، اس کے متعلق مثالیں بھی پیش کیں۔ کوڈ آف کنڈکٹ کو اہم قرار دیتے ہوئے بہتر طور پر فرائض انجام دینے کے لیے ہر سرکاری ملازم کے لیے اس کے مطالعہ کو اہم قرار دیا۔ اس موقعے پر قومی اردو کونسل کا عملہ بھی موجود رہا۔

(رابطہ عامہ سیل)